نامے جو میرے نام آئے

* التراث بہترین علمی اور تحقیقی مجلّہ ہے۔ آپ حضرات بڑی محنت اور دلچسپی سے مجلّہ مرتب کرتے ہیں۔ میں اس کے مندرجات سے اپنی علمی استطاعت کے مطابق استفادہ کرتا ہوں اور آپ کو دعائیں دیتا ہوں۔ (محمد اسحاق بھٹی۔ لاہور)

* آپ جیسے نامور تاریخ دان و تاریخ نویس کی اس حوصلہ افزائی سے ان شاء اللہ ہمارے عزائم اور رغبت میں اضافہ ہوگا۔ جزاکم اللہ خیراً کثیراً۔ (ادارہ)

* التراث تسلسل سے مل رہا ہے، مضامین میرے نقطۂ نظر سے اچھے اور معیاری ہیں۔ البتہ "تاریخ جموں وکشمیر" غیر مربوط، غیر مصدقہ اور مجلّے کے لحاظ سے غیر ضروری لگتا ہے۔ البتہ "تاریخ عراق" کا سلسلہ اب تک ٹھیک جارہا ہے۔ ایک تحقیقی مقالہ بہت جلد بھیج دوں گا۔ ان شاء اللہ (غلام حسن حسنو۔ ڈیپو)

* "تاریخ جموں وکشمیر" کا سلسلہ بہت سے قارئین اور احباب کے اصرار پر شروع کیا گیا تھا۔ التراث شمارہ نمبر 6 صفحہ 64 پر اس وقت تک کے مصادر و مراجع کی اجمالاً نشاندہی کی گئی تھی، لیکن ہر جملے کے ساتھ حوالہ جات دینا ممکن نہ ہوا۔ شمارہ 8 سے تاحال اکثر و بیشتر "پاکستان 1947ء سے 1997ء تک" نامی کتاب سے استفادہ کیا جارہا ہے، جسے شاکر اور رضی نے پاکستان کے 25 مشہور اخبارات و رسائل اور 55 کتب کی روشنی میں مرتب کیا ہے۔ (عبدالوہاب خان)

* میں التراث کا ایک ایک صفحہ پڑھتا ہوں۔ مجلّہ کی ضخامت پہلے ہی زیادہ نہیں تھی، اب صفحات میں مزید کمی کرکے مقدار کو برقرار نہیں رکھا جارہا ہے۔ یہ معنوی غذا (مضامین) کی کمی کا نتیجہ ہے یا مادی غذا (رقم) کی قلت کا؟ (محمد حسین سرکی)

* الحمد للہ معنوی غذا کی بہتات ہے، مادی غذا کی بھی چنداں کمی نہیں۔ البتہ یہ اختصار سہ ماہی ہونے کا نتیجہ اور بروقت شائع کرنے کی کوشش کا ایک حصہ ہے، جس سے قبل از وقت قارئین کو آگاہ کردیا گیا تھا۔ (ادارہ)

******

- **لوگ چار باتوں میں اللہ تعالیٰ کی موافقت کرتے ہیں اور عمل میں مخالفت:**

1 - کہتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں اور عمل آزاد جیسے کرتے ہیں۔

2 - کہتے ہیں کہ اللہ ہمارے رزق کا کفیل ہے، مگر دل ان کے مطمئن نہیں مگر دنیا کی چیز سے۔

3 - کہتے ہیں کہ آخرت دنیا سے بہتر ہے، لیکن دنیا کے لئے مال جمع کرتے ہیں اور آخرت کے لئے گناہ۔

4 - کہتے ہیں ہم ضرور مرنے والے ہیں، لیکن عمل ایسے کرتے ہیں کہ گویا کبھی مرنا ہی نہیں۔